منڈی سبز چھ ماشہ - مرچ سیاہ چار عدد - پانی کے ساتھ گھوٹ چھانکر پلانا بواسیر خونی و بادی
ہر دو کے واسطے مفید ہے - علاوہ ازیں جگر اور انتوں کے فعل کی اصلاح کر دیتا ہے -
اور اسکے پنچانگ (جڑ - شاخ - گل - برگ - پھل) خشک شدہ کا مسّہ کے بواسیر پر بخور
کرنا انکو خشک کرنے لگتا ہے - اسکے برگ و گل مثل مہندی قدرے پانی میں پیسکر ٹکیہ
بنا کر مسّہ بواسیر پر بندھوانے سے درد دور ہو جاتا ہے خون بند ہو جاتا ہے - منڈی
گھاس کو اُسوقت کہ جب تک اسمیں پھل آکر برگ جھڑ نہ گئے ہوں مع بیخ و گل و برگ
و شاخ کوٹ چھانکر برابر کی شکر ملاکر دودھ کے ساتھ جسمیں قدرے روغن زرد ڈالا گیا ہو
کھانیکی مداومت کریں تو قبل از وقت سفید شدہ بال زرد ہوکر سیاہ ہونگے - ایک سال بکری
کے دودھ کے ساتھ اسی طرح متواتر کھانیسے تو پھری - ناطاقتی اور ضعیفی دور ہوکر بدن
پر سرخی جھلک مارےگی - اعضا مضبوط باصرہ قوی اور حواس تیز ہونگے - گویا جوانی عطا
کر دیگی - اور جوانی میں استعمال کرنیسے بڑھاپا دیر میں آویگا - اسکے چند ہفتہ کے
استعمال سے خفقان ضعف دل و دماغ نقص منی دور ہوتا ہے - مالیخولیائے مراقی کے لئے
اسکا عرق و شربت مفید ہے - منڈی کا چوبہ دو رتی سے ایک ماشہ تک پان کے ساتھ
کھانا شدت سرما میں سردی کے اثر سے بدن کو محفوظ رکھتا ہے - نیز مقوی ارواح ہے
اور خون میں دوران تیز کرتا ہے - اعصابی دردوں کو دور اور ریاح کو پراگندہ و مواد کو
تحلیل کرتا ہے - طریق چوبہ منڈی منڈی گھاس کو لیکر پانی میں تر کریں جبکہ رطوبت اُٹھ
آوے یعنے برگ گلنے لگیں تو ہاتھوں سے خوب ملکر ایک ایک گانڈی گلی میں ڈالکر منہ

افعال و خواص

یہ بوٹی محلل و مقوی و محرک و جالی کا اثر رکھتا ہے پہلے درجہ کا مصفی و مشتہی و مبہی سمجھا جاتا ہے دافع ~~اور~~ اورام باطنی و بثورات ظاہری جلد - مولد خون ہے اسکو مع بیخ و برگ و گل سفوف کرکے برابر کی شکر تری ملا کر بمقدار چھ ماشہ کھانا بواسیر وجع مفاصل بلغمی و ریاحی کیلئے مفید ہے اور خنازیر پر گرم کرکے باندھنا خنازیر کو تحلیل کرتا ہے - جریان کہنہ کیلئے اسکی جڑ کا سفوف کھانا مفید ہے - اسی طرح سیلان الرحم مرض کیلئے اسکا سفوف اور جوشاندہ مفید ہے - اور اسکی جڑ کا حمول کرواتے ہیں تو جاذب و قابض و مقوی و مجفف کا اثر رکھتا ہے اسکا عرق بطریق معروف کشید کرکے ایک تولہ سے شروع کرکے پانچ تولہ تک نوش کرنا بشرط مداومت بالوں کو سیاہی کی نگاہ رکھتا ہے - اور خون پر مقوی کا اثر کرکے بدن کی جھریاں دور کرتا ہے - قوت بصارت کو بڑھاتا ہے - سبل مزمن کیلئے مفید ہے - ہاضم طعام جاذب رطوبات فضولیہ - مقوی معدہ جگر و دل دافع ریاح ہے - اسکا اعضائے تناسل پر محرک و مقوی اثر ہوتا ہے - اور مادہ منویہ کو بدرجہ غایت درست کر دیتا ہے -

اسکا ساگ پکاکر کہانا باد و بلغم کی زیادتی کو توڑتا ہے اور بدبوئے دھن کو دور اور اشتہا
پیدا کرتا ہے - مقوی اعضائے رئیسہ اور مولد منی ہے - مقوی و محلل و منقی و مجلی و ملطف
و مفتح کا اثر کرتا ہے - اور جملہ خواص میں عشبہ مغربی کے لگ بھگ ہے - اور اسکے فوائد
تصفیہ خون میں چوب چینی کے برابر ہے - مصری اور منڈی پانی میں گھوٹ چھانکر پلانا
حرقت البول اور قروح مجاری بول کو دور کرتا ہے - اور فساد خون و خارش بدن و سوزش
دست و پا و چشم کو برطرف کرتا ہے - اسکو مع بیخ و برگ و گل سایہ میں خشک کرکے
پیسکر آرد گندم و روغن زرد و شکر کے ساتھ حلوا بنا کر ایک تولہ سے دو تولہ تک کہلا
نا سیلان الرحم و سوزش و ورم رحم کے لیئے سود مند ہے - قوائے حیوانی و بدنی بالوں
کو سیاھی کو نگاہ رکہتا ہے - اور اسکی گہاس سبز و تازہ پھل انے سے پہلے خشک کرکے
ہموزن بھنگرہ سیاہ کے ساتھ روغن زرد اور شہد کے ساتھ ملاکر کہانے قبل از
وقت بالوں کی سفیدی دور ہوتی ہے - اور امراض چشم سے حفاظت ہوتی ہے - اسکی
جڑ نیم کوب کرکے پانی میں بھگوئیں اسقدر کہ پانی اسمیں جذب ہو جائے پس روغن چنبیلی
سے چکنا کرکے شیشی میں رکھکر بطریق معلوم و مشہور مقطر کریں اور اسمیں سے چار رتی سے
ایک ماشہ تک کہائیں تو بھی یہی اثر رکھتا ہے - منڈی مصفی اور معتدل کا اثر خون
اور بدن پر کرتی ہے - قوی کو تیز ارواح کو قوی اور امراض باردہ رطبہ کو دور کرتی ہے
خون کو صاف اور اخلاط کی تعدیل کرتی ہے - اسکی تازہ گہاس کے نغوذہ میں رانگ کشتہ
ہو جاتا ہے - جو کہ جریان منی کے لیئے مفید ہے - اور مقوی ہوتا ہے - اور بعض فقرا اسکی

بند کر کے اور نیچے سوراخ کر کے اوپر آگ رکھیں اور ھانڈی کے سوراخ کے نیچے کو پیالہ چینی
رکھدیں پیالہ میں ٹپکا ہوا پانی کو دور کر کے نگاہ رکھیں یہ جوہر منڈی ہے - اسیطرح روغن
منڈی بھی ضعف باہ اور جریان مزمن کے لیئے مفید ہے - جسکی ترکیب یہ ہے کہ گہاس
منڈی تازہ مع بیخ - برگ و گل لیکر شیرہ نکالیں اور وزن کریں جسقدر شیرہ نکلے ایک چوتہائی
روغن کنجد ملا کر نرم آگ پر جوشدیں حتیٰ کہ روغن رہ جائے خوراک دو ماشہ تک
دودھ کے ساتھ - پرہیز جماع اور حموضات - اس روغن کے استعمال کا طریق مشہور ہندی
یہہ ہے - کہ ماہ ساون و بھادوں میں روغن گاؤ و شہد بوزن متفاوت کے ہمراہ
اور ماہ جیٹھ و اساڑھ میں شکر میں ملا کر اور ماہ ماگھ و پھاگن میں کانجی کے ہمراہ
ماہ کنوار اور کاتک میں شیر گاؤ میں ملا کر کہانا ہر ایک موسم کے امراض سے محفوظ
اور جسم کو توانا رکھیگا - ایک ظروف مسی میں بیخ منڈی کو نیم کی لکڑی سے
پانی کے ساتھ گہسیں یہانتک کہ سیاہ ہو جاوے پس روئی کو اسمیں تر کر کے خشک کریں
صاحب درد کو درد چشم کے لئے اسمیں سے تھوڑی روئی ذرا سے پانی میں تر کر کے آنکھ
پر لگانے کی ہدایت کریں تو اسوقت درد - ہشک موقوف کرتا ہے - چند مرتبہ میں
آشوب اور آنکھ صاف کر دیگا - اسکے پھول کا پانی نچوڑ کر آنکھ میں لگانیسے پھولا اور دھند
دور ہوتی ہے - عرق مدنی یعنے نارو اپر اسکو کوٹ کر باندھنا قاتل اور دور کرنیوالا ہے